**01.09.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

..........................................................................

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے، متعلقہ فریقوں سے عدلیہ میں، زیر التوا مقدمات کو نمٹانے کے لیے کہا ہے۔

☆ بھارت کے چیف جسٹس، ڈی وائی چندرچوڑ نے، سماج کے سبھی طبقوں، خاص طور پر خواتین اور کمزور گروپوں کے لیے ایک محفوظ اور موافق ماحول فراہم کرنے کے، عدلیہ کے عزم کا اظہار کیا ہے۔

☆ تلنگانہ میں، 19 ضلعوں کے لیے اچانک سیلاب کی وارننگ جاری کی گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ اے-ریوَنت ریڈّی نے انتہائی درجے پر چوکس رہنے کے لیے کہا ہے۔

☆ وزارتِ داخلہ نے گجرات میں بارش اور سیلاب سے ہوئے نقصانات کا جائزہ لینے کے لیے بین وزارتی مرکزی ٹیم تشکیل دی ہے۔

☆ اقوام متحدہ کی ایجنسیوں نے غزہ پٹّی میں، پولیو کی روک تھام کے لیے 6 لاکھ سے زیادہ بچوں کے ٹیکہ لگانے کی مہم شروع کی ہے، جس کے دوران اسرائیل اور حماس کی لڑائی میں، وقفے دیے جائیں گے اور یہ ٹیکے لگائے جائیں گے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### ***President Judiciary***

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ زیر التوا مقدمات کو کم کیا جانا، عدلیہ کو درپیش ایک بڑا چیلنج ہے۔ آج شام نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں ضلع عدلیہ کی دو روزہ قومی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ زیرالتوا مقدموں سے نمٹنے کیلئے سبھی متعلقہ فریقوں کو ایک ساتھ آنا چاہئے اور حل تلاش کرنا چاہئے۔ انھوں نے 32 سال سے زیادہ عرصے سے التوا میں پڑے مقدموں کے سنگین مسئلے پر غور کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

S/B 2100 Final Prez Murmu Backlog

صدر جمہوریہ مرمو نے اِس بات کا ذکر کیا کہ عصمت دری جیسے گھناؤنے جرائم میں عدالت کے فیصلے، ایک نسل کے گذر جانے کے بعد آتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اِس کی وجہ سے عام آدمی محسوس کرتا ہے کہ عدالتی عمل میں حسیت

کا فقدان ہے۔ صدر جمہوریہ نے اِس موقع پر سپریم کورٹ کے پرچم اور نشان کی نقاب کشائی بھی کی۔ انھوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نے اپنے قیام کے بعد سے دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کے عدالتی نظام کے چوکس پاسباں کے طور پر گراں قدر خدمات انجام دی ہے۔

اپنے خطاب میں قانون اور انصاف کے وزیر ارجن رام میگھوال نے اِس بات پر فخر کا اظہار کیا کہ سپریم کورٹ نے 75 سال کا سفر مکمل کرلیا ہے۔

کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ نے کہا کہ زیر التوا مقدموں کو کم کرنے سے متعلق کمیٹی نے ایک عملی منصوبہ تیار کیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ زیر التوا مقدموں سے نمٹنے کیلئے بعض دیگر حکمت عملی بھی تیار کی گئی ہے۔ چیف جسٹس نے معاشرے کے تمام ارکان، خاص طور سے خواتین اور دوسرے کمزور گروپوں کیلئے محفوظ ماحول فراہم کرنے کے تئیں عدلیہ کے عہد کو اجاگر کیا۔

S/B 2100 CJI on Gender

وزیر اعظم نریندر مودی نے کُل ضلع عدلیہ کی قومی کانفرنس کا افتتاح کیا تھا۔x

## ***VP - Dehradun Visit***

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کولکاتہ میں ایک خاتون ڈاکٹر کے ساتھ پیش آنے والے واقعے کی مذمت کی ہے اور اِس طرح کے جرائم میں ملوث قصوروار افراد کو سزا دینے کیلئے ایک طریقۂ کار بنائے جانے پر زور دیا ہے۔ جناب دھنکھڑ نے آج اتراکھنڈ میں ایمس رِشی کیش میں ادارے کے فیکلٹی ارکان اور طلباء سے خطاب کرتے ہوئے زور دے کر کہا کہ اُن عناصر کے خلاف کارروائی کی جانی چاہئے، جو اِس طرح کے وحشیانہ جرائم کے ساتھ انسانیت کو شرمسار کرتے ہیں۔اس سے قبل جناب دھنکھڑ نے آج دہرہ دون میں اتراکھنڈ کے راشٹریہ انڈین ملٹری کالج میں کیڈٹوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملٹری اسکولوں میں لڑکیوں کو داخل کرنے کا فیصلہ ایک بڑی تبدیلی لائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اِس اقدام سے لڑکوں اور لڑکیوں میں برابری اور انصاف کی سمت پیشرفت کی عکاسی ہوتی ہے۔x

## ***Mandaviya Meeting***

محنت اور روزگار کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ جزوقتی کارکنوں کا بھی بیمہ کیا جائے۔ انہوں نے یہ بات آج نئی دلّی میں جزوقتی کارکنوں کے لیے زندگی بیمے کی سہولت فراہم کرنے سے متعلق ایک جائزہ میٹنگ کی صدرات کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا حکومت، جزوقتی کارکنوں کی خوشحالی کے تئیں پوری طرح پابند ہے، کیونکہ یہ لوگ کام کاج کا ایک اہم حصہ ہیں۔

ڈاکٹر مانڈویا نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت انہیں بیمہ فراہم کرنے کی ایک جامع حکمتِ عملی پر کام کر رہی ہے، جس کے یہ مستحق ہیں۔

ایک رپورٹ..................

V/C Suparna

محنت کی وزارت، سبھی متعلقہ فریقوں سے تال میل رکھتے ہوئے، ایک ایسا فریم ورک تیار کر رہی ہے، جس کے تحت جزوقتی کارکنوں کو زندگی بیمے کی بھرپور سہولت فراہم کی جا سکے۔ یہ ایک ایسا اہم قدم ہے، جس سے اس طرح کے کارکنوں کی بہبود کو یقینی بنایا جا سکے گا۔ ایک جزوقتی کارکن وہ کارکن ہوتا ہے، جسے مختصر مدّت کے لیے یا کسی پروجیکٹ کی بنیاد پر کوئی روزگار ملتا ہے۔ اُسے یہ روزگار، کسی ایک کمپنی کے بجائے، کئی کمپنیاں بھی فراہم کر سکتی ہیں۔ کارکنوں کا رجسٹریشن eShram Portal پر کیا جائے گا تاکہ زندگی بیمے کے اقدامات پر عمل درآمد میں سہولت فراہم کی جا سکے۔ جو کمپنیاں جزوقتی کارکنوں کو کام پر رکھتی ہیں، اُن سے کہا جائے گا کہ وہ اپنے کارکنوں کا رجسٹریشن، اس پورٹل پر کرائیں۔ اس کے لیے ایک آن لائن وِنڈو دستیاب کرائی جائے گی۔

سپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں اسلم بیگ

## Bihar RJD

بہار میں، اپوزیشن راشٹریہ جنتا دل RJD نے آج مظاہرے کیے۔ یہ مظاہرے ملک گیر سطح پر ذات کی بنیاد پر مردم شماری اور آئین کی نویں فہرست میں، بہار قانون میں توثیق شدہ ریزرویشن کوٹے میں اضافے کو شامل کرنے کے مطالبات کے تحت کیے گئے۔ آئین کی نویں فہرست میں، اس قانون کو عدلیاتی جائزے سے مستثنٰی رکھا گیا ہے۔ RJD کے سینئر لیڈر اور ریاستی اسمبلی میں اپوزیشن رہنما تیجسوی پرساد یادو بھی نے، پٹنہ میں پارٹی دفتر میں مظاہرے میں شامل ہوئے۔ دیگر پارٹی رہنماؤں نے بھی یہ مطالبہ کرتے ہوئے، ضلع صدر دفتر میں مظاہروں میں حصہ لیا۔

جناب یادو نے الزام لگایا کہ BJP اور JDU، غریبوں اور پسماندہ طبقے کے لوگوں کی بہتری کے خلاف ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ BJP نے، کوٹے میں اضافہ کرنے سے متعلق ریاستی قانون کو آئین کی نویں فہرست میں شامل نہیں کرنے دیا۔ BJP نے یہ الزام بھی لگایا کہ RJD، ملک میں ذات کی بنیاد پر مردم شماری کے نام پر، محض سیاسی شعبدے بازی کر رہی ہے۔ پارٹی کے ریاستی جنرل سیکریٹری Shivesh Ram نے کہا کہ RJD، ریزرویشن کے نام پر لوگوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔×

## Bihar Shyam Rajak

بہار میں، سابق وزیر اور RJD کے سابق سینئر رہنما شیام رَجَک نے، آج پٹنہ میں منعقدہ ایک تقریب میں، برسرِ اقتدار JDU میں شمولیت اختیار کر لی۔ وہ 22 اگست کو، RJD سے ناتا توڑ کر، جنرل سیکریٹری کے عہدے سے دستبردار ہو گئے تھے۔JDU کے موجودہ قومی صدر سنجے جھا نے، پٹنہ میں پارٹی کے ریاستی صدر دفتر میں بہت سے سینئر رہنماؤں کی موجودگی میں اُنہیں رکنیت دلائی۔RJD سے الگ ہونے کے بعد شیام رَجَک کی JDU میں یہ دوسری مدّت ہے۔×

## Rev. Telangana Rain

تلنگانہ کے کئی حصوں میں موسلادھار بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ ریاست کے وزیر اعلیٰ A. Revanth Reddy نے پوری سرکاری مشنری کو ہدایت دی ہے کہ وہ انتہائی چوکس رہے۔ حکومت نے 19 ضلعوں کیلئے اچانک سیلاب آجانے کے خطرے کی وارننگ جاری کی ہے۔ کھمم ضلع میں 100 سے زیادہ گاؤں میں پانی بھر گیا ہے جہاں کل 52 سینٹی میٹر سے زیادہ بارش ہوئی جبکہ متاثرہ علاقوں کے سیکڑوں لوگوں کو امدادی کیمپوں میں منتقل کیا جارہا ہے۔ NDRF کی ٹیمیں دوسری ریاستوں سے روانہ کی جارہی ہیں۔ امور داخلہ کے مرکزی وزیر مملکت Bandi Sanjay Kumar نے کہا ہے کہ صورتحال کی شدت سے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کو آگاہ کردیا گیا ہے۔ انھوں نے NDRF کی 9 ٹیمیں روانہ کئے جانے کے احکامات جاری کئے ہیں۔

اِس دوران، وزیر اعلیٰ نے ریاست کے تین وزیروں سے کہا ہے کہ وہ متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیوں کی نگرانی کریں۔ ریاست میں بارش سے متعلق الگ الگ واقعات میں ایک شخص ہلاک اور دیگر تین افراد کے پانی میں بہہ جانے کا اندیشہ ہے۔ موسمیات کے محکمے نے خبردار کیا ہے کہ کل بھی شدید بارش کے جاری رہنے کا امکان ہے اور شدید بارش کی وجہ سے کھمم، محبوب آباد، وارنگل اور Suryapet اضلاع سب سے زیادہ متاثر ہوں گے۔ ٹرین خدمات بھی متاثر ہوئی ہیں کیونکہ جنوب وسطی ریلوے میں تین مقامات پر شدید بارش کی وجہ سے پٹریاں اُکھڑ گئی ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC Lakshmi

تقریباً پوری ریاست دو دن سے جاری موسلادھار بارش کی وجہ سے متاثر ہوئی ہے۔ جس کی وجہ سے بعض علاقوں میں معمول کی زندگی مفلوج ہوکر رہ گئی ہے۔ درجنوں گاؤں میں پانی بھر گیا ہے۔ سیکڑوں لوگوں نے اونچے مقامات، اونچی عمارتوں اور شاہراہوں پر پناہ لے رکھی ہے کیونکہ دریاؤں میں طغیانی آگئی ہے اور پانی، ندی نالوں سے باہر بہہ رہا ہے۔ شدید بارش نے، خاص طور سے کھمم، Suryapet اور محبوب آباد ضلعوں میں بڑی تباہی مچائی ہے جس سے نقل وحمل اور مواصلات میں شدید طور سے خلل پڑا ہے۔ ہزاروں موٹرگاڑیاں پھنسی ہوئی ہیں کیونکہ قومی شاہراہ نمبر 65 کے بعض حصوں میں پانی اوپر سے بہہ رہا ہے۔ متاثرہ علاقوں سے لوگوں کو محفوظ مقامات منتقل کرنے کے اقدامات جاری ہیں۔

حیدرآباد میں گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن کی کمشنر Amrapali نے لوگوں سے زور دے کر کہا ہے کہ اگر بہت ضروری نہ ہو تو وہ گھر سے باہر نہ جائیں۔ شدید بارش سے پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹنے کیلئے مختلف محکموں کی 600 سے زیادہ آفات سے نمٹنے والی ٹیمیں کام کر رہی ہیں۔

حیدرآباد سے لکشمی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں مہتاب عالم

## Home Min - Gujrat Floods

وزارتِ داخلہ نے، ایک بین وزارتی مرکزی ٹیم، IMCT تشکیل دی ہے۔ یہ ٹیم گجرات میں شدید بارش اور سیلاب کی وجہ سے ہوئے نقصانات کا جائزہ لینے کے لیے، قدرتی آفات سے نمٹنے کے، قومی ادارے کے ایگزیکیٹیو

ڈائریکٹر کی قیادت میں تشکیل دی گئی ہے۔یہ ٹیم جلد ہی، ریاست کے سیلاب سے متاثرہ ضلعوں کا دورہ کرے گی۔ ناگالینڈ میں بھی IMCT تشکیل دی گئی ہے، جو جلد ہی سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کرے گی۔25 سے 30 اگست کے دوران، راجستھان اور گجرات پر ہوا کے دباؤ میں کمی آ گئی تھی، جس کی وجہ سے یہاں شدید اور انتہائی شدید بارش ہوئی تھی۔ مدھیہ پردیش اور راجستھان بھی شدید اور بہت شدید بارش سے متاثر ہوئے تھے۔ وزارتِ داخلہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ وہ ان ریاستوں کے سینئر افسران کے ساتھ رابطے میں ہیں اور اگر ٹیم نے شدید نقصانات کی خبر دی تو وہ وہاں بین وزارتی مرکزی ٹیم تعینات کرے گی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ مرکز متاثرہ ریاستوں کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کا پوری طرح پابند ہے۔×

## IPPB Foundation Day

انڈیا پوسٹ پیمنٹس بینک کے ساتویں یومِ تاسیس پر آج مواصلات کے وزیر جیوترآدتیہ سندھیا نے آسان اور قابل استطاعت خدمات کے ذریعے مالی شمولیت کے مقصد کو پورا کرنے میں بینک کے کردار کو اجاگر کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سندھیا نے کہا کہ اِس پہل کے آغاز کے بعد سے تقریباً 9 کروڑ 88 لاکھ بھارتیوں کے بینک کھاتے کھولے گئے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ مستفید ہونے والے افراد کو مختلف اسکیموں کے 45 ہزار کروڑ کے مالی فائدے فراہم کئے گئے ہیں۔ جناب سندھیا نے ادارے سے وابستہ ساتھیوں کو مبارکباد دی۔ انھوں نے ملک بھر میں ہر گاؤں اور گھر کو بینک کی سہولتیں فراہم کرنے کے سلسلے میں ادارے کی سخت محنت اور کوششوں میں اعتماد کا اظہار کیا۔×

## FPIs

غیر ملکی سرمایہ کار کمپنیوں FPIs نے، لگاتار تیسرے مہینے سرمایہ کاری کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے، اگست میں بھارتی اثاثہ منڈیوں میں، 25 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم لگائی۔ Depsitories کے اعداد و شمار کے مطابق غیر ملکی سرمایہ کار کمپنیوں نے، 7 ہزار 320 کروڑ روپے، شیئر مارکیٹ میں اور 17 ہزار 960 کروڑ روپے قرضہ مارکیٹ میں لگائے۔ اس طرح اس مہینے بھارتی اثاثہ مارکیٹ میں، خالص سرمایہ کاری 25 ہزار 280 کروڑ روپے تک پہنچ گئی۔ FPIs نے، شیئر مارکیٹ میں، جولائی میں 32 ہزار 365 کروڑ روپے اور جون میں، 26 ہزار 565 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی۔ کمپنیوں نے، جون کے مہینے میں 26 ہزار 565 کروڑ روپے، شیئرز میں اور 14 ہزار 955 کروڑ روپے قرضہ مارکیٹ میں لگائے۔کمپنیوں نے، اس سال ابھی تک بھارت کی اثاثہ مارکیٹ میں، ڈیڑھ لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی ہے۔×

## Gaza Polio Vaccination

مغربی ایشیاء میں، غزہ پٹّی میں اقوام متحدہ کی ایجنسیوں نے آج، پولیو کی روک تھام کے لیے 6 لاکھ 40 ہزار بچوں کے ٹیکہ لگانے کی مہم شروع کی ہے۔ مہم کے تحت اسرائیلی فوج اور حماس کے لڑاکوؤں کے درمیان جنگ

میں، وقفے-وقفے کے بعد ٹیکے لگائے جائیں گے۔ٹیکہ کاری کی یہ مہم، وسطی غزہ کے علاقوں میں شروع کی گئی ہے، جو آئندہ دنوں میں دیگر علاقوں میں بھی چلائی جائے گی۔ مہم کے دوران، یہ جنگ، لگاتار 3 دن تک، کم سے کم 8 گھنٹے کے لیے روکی جائے گی۔ عالمی صحت تنظیم WHO نے کہا ہے کہ اس مختصر وقفے میں، 10 سال سے کم عمر کے، کم سے کم 90 فیصد بچوں کے ٹیکے لگائے جائیں گے۔ پچھلے مہینے WHO نے تصدیق کی تھی کہ ایک بچہ، Type-2 پولیو وائرس کی وجہ سے، جزوی طور پر مفلوج ہو گیا تھا، جو 25 سال میں اس علاقے میں پہلا کیس تھا۔ اقوام متحدہ کے ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ اگر اس وائرس سے نہ نمٹا گیا، تو یہ وائرس علاقے میں بڑے پیمانے پر پھیل سکتا ہے۔اس جنگ کے دوران ایک قابلِ ذکر واقعہ یہ ہوا ہے کہ اسرائیل کی فوج اور حماس نے، ایک معاہدہ کیا ہے، جس کے تحت پورے غزہ میں جنگ میں، 3 الگ-الگ اور علاقے وار وقفے دیے جائیں گے تاکہ پولیو کی ٹیکہ کاری کی یہ مہم چلائی جا سکے۔اس دوران وزیر اعظم بنجامن نتن یاہو نے زور دے کر کہا ہے کہ اِن وقفوں کو، جنگ بندی نہ سمجھا جائے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆